سوال

معانقہ

جواب

عید کے دن معانقہ کرنے کی حکمت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ عید کے دن تسلسل سے تین بار معانقہ کرنے کی کیا حکمت ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! عید کے دن عید ملنے کے لئے معانقہ کرنا، لوگوں کی عادت ہے ، لوگ یہ کام عبادت سمجھ کر نہیں کرتے ، بلکہ ایک دوسرے کے احترام اور خوشی کے اظہار کے طور پر کرتے ہیں ۔ لہذا اس میں اصل اباحت ہے ۔ باقی رہا ایک بار یا تین بار ملنے کا معاملہ تو یہ لوگوں کی باہمی محبت پر مبنی ہوتا ہے ، جو آدمی زیادہ قریب ہو، اسے ایک سے زائد بار ملنے کی کوشش کی جاتی ہے اور جو قریبی نہ ہو اس سے سرسری سا مل لیا جاتا ہے ۔ شیخ صالح العثیمین کا یہی موقف ہے ۔ " مجموع فتاوی ابن عثیمین "(208/16-210 ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی